DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 711

DATED. 17-08-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

*for* **(Director General)**

*The Press Secretary to*
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201103
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 17.08.2026

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | معاشی ترقی کیلئے اوورسیز پاکستانیوں کا کردار نہایت اہم ہے، جعفر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | باہمت فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کیلئے قابل تقلید مثال ہیں، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | میر ضیاء لانگو پر دہشتگردانہ حملہ قابل مذمت ہے، خالد خان مگسی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | حکومت تنہا کچھ نہیں کرسکتی عوام ساتھ دیں، میر شعیب نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت محمد کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 06 | حکومت مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھارہی ہے، میر زرین مگسی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان کل بھی پاکستان کیساتھ اور آج بھی ہے، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 08 | دہشتگردی کیخلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں لائق تحسین ہیں، محسن نقوی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | کلی مینگل آباد میں ماں بیٹی کا قتل دہشتگردوں نے بلوچی روایات کا مسخ کیا، خواتین رہنماء | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | سانحہ 5 جولائی زیارت کیچ بلوچستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ملک دشمن عناصر کو ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آئے گا، محمد خان لہڑی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | کاشتکاروں کو زرعی پانی کی منصفانہ فراہمی اولین ترجیح ہے، صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | مسائل کا مقابلہ باہمی احترام، اتحاد اور رواداری کو فروغ دے کر کیا جاسکتا ہے، سیدال ناصر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | وزیراعلیٰ کا وژن نوجوانوں کو محفوظ روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے، بی ٹیوٹا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے سرمایہ کاری کو فروغ حاصل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | چینی قونصل جنرل کی میر ضیاء لانگو کے قافلے پر حملے کی مذمت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | موجودہ حالات میں نئے صوبوں کا قیام مزید تباہی کا باعث ہوگا، مالک بلوچ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 18 | کوئٹہ میں بدامنی کے پے درپے واقعات تشویشناک ہیں، اے این پی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 19 | پشتون قومی جرگہ اقوام میں اتحاد واتفاق کا ذریعہ بنے گا، پشتونخوا میپ | مشرق ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

بلوچستان خاران میں سیکورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیس آپریشن 7 دہشتگرد ہلاک، جھل مگسی نوابزادہ کے کریش پلانٹ پر مسلح افراد کا حملہ، سوراب نامعلوم مسلح افراد اسلحہ کے زور پر 3 چھوٹی گاڑیاں چھین کر فرار،

## عوامی مسائل:

آٹا کی قیمتوں میں اضافہ گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑنے لگے، کوئٹہ پینے کے صاف پانی کی قلت نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی، قلات غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 17.08.2026

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **بلوچستان کے نوجوان قیمتی اثاثہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کا خاتمہ نوجوانوں کو بہتر مواقع کی فراہمی اور صوبے میں پائیدار ترقی کا فروغ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے صوبے کے وسیع قدرتی وسائل، ساحلی پٹی، معدنی ذخائر اور باصلاحیت نوجوان پاکستان کی معاشی ترقی کا اہم ذریعہ بن سکتے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد میں صوبے کے عوام کا جائز حصہ دیا جائے اور ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچائے جائیں، بلوچستان کے نوجوان ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں تعلیم، روزگار، جدید ہنر اور کاروباری مواقع فراہم کر کے انہیں قومی ترقی کے دھارے میں موثر انداز میں شامل کیا جاسکتا ہے، حکومت کی ترجیح ہونی چاہئے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنے مستقبل کی تعمیر کے لئے مساوی مواقع فراہم کئے جائیں بلوچستان میں امن، سیاسی استحکام اور معاشی ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں امن ہوگا تو سرمایہ کاری آئے گی اور اس مقصد کیلئے تمام سیاسی وسماجی قوتوں کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا، ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی میر ظہور بلیدی کا نوجوانوں اور بلوچستان کے وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد صوبے کے عوام کا جائز حصہ دینے اور ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کے حوالے سے دیا گیا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے انہوں نے اس میں بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنے مستقبل کی تعمیر کے لئے مساوی مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے اظہار خیال کر کے بلوچستان کے نوجوانوں کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کیا ہے۔ ان کا ایسا کرنا موجودہ حالات میں بالکل صحیح ہے کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بلوچستان کے نوجوان قیمتی اثاثہ ہیں۔

**اداریے :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے " **مہنگائی کی شرح میں مزید اضافہ ،عوام کی بڑھتی معاشی مشکلات ، حکومتی سطح پر ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہنگامی اقدامات کی ضرورت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Olive farming" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے " **کور کمانڈر بلوچستان کا دورہ پنجگور اور جشن آزادی کی خوشیاں** " کے عنوان سے نسیم الحق زاہدی نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

## وطن سے دور رہنے والے پاکستانیوں کا جذبہ حب الوطنی قابل تحسین ہے، گورنر

انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے زیر اہتمام سمٹ میں پاکستان بھر کے نوجوانوں کا مقدمہ بھرپور انداز میں پیش کیا، عشائیے سے خطاب

نیو یارک (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے امریکہ کے شہر ہوسٹن میں جشن آزادی پاکستان کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے دنیا کے مختلف ممالک میں آباد تمام پاکستانیوں اور پاکستانی ڈائسپورا کو یوم آزادی کی دلی مبارکباد دی اور کہا ہے کہ وطن عزیز سے ہزاروں میل دور رہنے کے باوجود آپ کے دلوں میں پاکستان کی محبت اور جذبہ حب الوطنی میں کوئی کمی نہیں آئی جو یقیناً قابل تحسین ہے۔ اس موقع پر انٹرنیشنل شہرت یافتہ پاکستانی بزنس مین تنویر احمد، طاہر جمی، ڈاکٹر آصف قدیر اور میکسم کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عذیر حسن سمیت مردوں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ گورنر نے کہا کہ میں نے اپنے دورہ امریکہ کے دوران اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز نیو یارک میں یوتھ انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ سمٹ میں پاکستان بھر کے نوجوانوں کا مقدمہ بھرپور انداز میں پیش کیا۔ امید ہے کہ اس عالمی پلیٹ فارم پر ہونے والی ہماری کوششوں کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی اور مضبوطی کیلئے پرائیویٹ سیکٹر، مقامی سرمایہ کاروں اور اوورسیز پاکستانیوں کا کردار نہایت اہم ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی نہ صرف اپنے خاندانوں کی مالی معاونت کرتے ہیں بلکہ ترسیلات زر کے ذریعے ملکی معیشت کے استحکام میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ ان کی مہارت، تجربہ، سرمایہ کاری اور عالمی کاروباری روابط بھی پاکستان کی اقتصادی ترقی کیلئے ایک قیمتی اثاثہ ہیں۔ پاکستانی ہونے کے ناطے ہمیں آپ سے بڑی امیدیں اور توقعات وابستہ ہیں۔ میری خواہش ہے کہ آپ پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اپنے سرمایہ، تجربے اور کاروباری صلاحیتوں کو وطن عزیز کی پیداواری معیشت سے جوڑنے کیلئے بروئے کار لائیں۔ قبل ازیں ہوسٹن کے سٹی ہال بیکوئٹ ہال میں آمد پر پاکستانی کیمونٹی کے سرکردہ افراد نے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا پرتپاک استقبال کیا۔ پاکستانی کیمونٹی کی جانب سے ایک شاندار عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ عشائیے میں گورنر جعفر خان مندوخیل نے فرداً فرداً تمام معزز مہمانوں سے ملاقات کی، ان سے خیالات کا تبادلہ کیا اور شرکاء نے ان کے ساتھ گروپ فوٹوز بھی بنوائے۔

MASHRIQ QUETTA

## معاشی ترقی کیلئے اوورسیز پاکستانیوں کا کردار نہایت اہم ہے، جعفر مندوخیل

اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر ہونے والی ہماری کوششوں کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے، گورنر بلوچستان

بیرون ملک مقیم پاکستانی ترسیلات زر کے ذریعے ملکی معیشت کے استحکام میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں، خطاب

نیو یارک (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے امریکہ کے سرکاری دورے کے موقع پر گزشتہ رات ہوسٹن شہر جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں آباد تمام پاکستانیوں اور پاکستانی ڈائسپورا کو یوم ......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

آزادی کی دلی مبارکباد دی۔ وطن عزیز سے ہزاروں میل دور رہنے کے باوجود آپ کے دلوں میں پاکستان کی محبت اور جذبہ حب الوطنی میں کوئی کمی نہیں آئی جو یقیناً قابل تحسین ہے۔ اس موقع پر انٹرنیشنل شہرت یافتہ پاکستانی بزنس مین تنویر احمد، طاہر جمی، ڈاکٹر آصف قدیر اور میکسم کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عذیر حسن سمیت مردوں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میں اپنے دورہ امریکہ کے دوران اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز نیو یارک میں یوتھ انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ "یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ" میں شرکت کیلئے آیا جہاں ہم نے پاکستان بھر کے نوجوانوں کا مقدمہ بھرپور انداز میں پیش کیا۔ مجھے امید ہے کہ اس عالمی پلیٹ فارم پر ہونے والی ہماری کوششوں کے مثبت نتائج جلد سامنے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ جان کر بھی خوشی ہوئی کہ ہوسٹن شہر میں پاکستانی کیمونٹی بالخصوص پاکستانی کاروباری حضرات اور تاجروں کی ایک بڑی تعداد آباد ہے۔ آپ نہ صرف اپنی محنت اور کامیابیوں کے ذریعے پاکستان کا نام روشن کر رہے ہیں بلکہ وطن عزیز کے مثبت امیج کو اجاگر کرنے میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ پاکستان کی معاشی ترقی اور مضبوطی کیلئے پرائیویٹ سیکٹر، مقامی سرمایہ کاروں اور اوورسیز پاکستانیوں کا کردار نہایت اہم ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانی نہ صرف اپنے خاندانوں کی مالی معاونت کرتے ہیں بلکہ ترسیلات زر کے ذریعے ملکی معیشت کے استحکام میں بھی نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 55 | پیر 3 ربیع الاول 1448ھ 17 اگست 2026ء | نمبر 224


# باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کیلئے قابل تقلید مثال ہیں

نوجوان نسل کو ایسے باہمت کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | پیر 03 ربیع الاول 1448ھ 17 اگست 2026ء صفحات 08 | شمارہ 36

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

Bullet No. ١

Page No. 3

# انسانی جان بچانے کیلئے مدد کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرینگے وزیراعلیٰ

عبدالرازق خلجی نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی مدد کی، میر سرفراز بگٹی

**جذبہ انسانیت معاشرے کیلئے ایک مثبت مثال ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان کا عبدالرزاق اور انکے بھائی کو ملازمت دینے کا اعلان**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کی شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے ان کے جذبہ انسانیت، ہمت اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے سول ہسپتال میں تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر کو ریسکیو کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اپنے بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عبدالرازق خلجی نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عبدالرازق خلجی جیسے نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھتے ہیں، نوجوان نسل کو بھی ایسے باہمت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور موثر کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہادری اور جذبہ انسانیت معاشرے کے لیے ایک مثبت مثال ہے۔ اس موقع پر عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں نے بروقت بہتر علاج و معالجے کی فراہمی، حوصلہ افزائی، دادرسی اور سرکاری ملازمت کے اعلان پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے دعاؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ان کی حوصلہ افزائی ان کے لیے باعث عزت ہے، جبکہ حکومت کی جانب سے مشکل وقت میں متاثرہ افراد کی مدد اور بروقت دادرسی کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔

CamScanner

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 38 | اتوار 16 اگست 2026ء بمطابق 02 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 223

# بلوچستان میں ترقی کا سفر ہر علاقے تک لے جائینگے، سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ کا آبائی علاقے شمالی ڈیرہ بگٹی کا دورہ، عوام میں گھل مل گئے، مسائل معلوم کئے، ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ، مقررہ مدت میں مکمل کرنیکی ہدایت

**موجودہ دور میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے، دہشتگردی کی خلاف سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں صوبے میں امن کی ضامن ہیں، عوام کی دہلیز پر سہولیات پہنچائینگے**

شمالی ڈیرہ بگٹی (ن ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اپنے آبائی علاقے شمالی ڈیرہ بگٹی پہنچ گئے، جہاں انہوں نے قبائلی عمائدین اور اپنے حلقے کے عوام سے ملاقات کی، روایتی بلوچی انداز میں حال احوال کیا اور علاقائی صورتحال سمیت عوام کو درپیش مسائل دریافت کئے۔ وزیراعلیٰ نے عوام میں گھل مل کر مختلف محکموں سے متعلق شکایات سنیں اور متعدد عوامی مسائل کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ان کے حل کے لئے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو احکامات جاری کئے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ افسران اور سرکاری اہلکار عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں اور شہریوں کے مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا مقامی سطح پر فوری حل انہیں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ آنے کی مشکلات سے بچا سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں گورننس کے نظام کو بہتر بنا کر عوامی مسائل مقامی

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

سطح پر حل کرنے کا موثر طریقہ کار مرتب کیا جا رہا ہے۔ حکومت کی کوشش ہے کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات اور سرکاری خدمات ان کی دہلیز پر میسر ہوں اور انہیں معمولی نوعیت کے مسائل کے لئے طویل سفر نہ کرنا پڑے۔ تعلیم کے شعبے میں حکومتی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں بند پڑے سکولوں کو فعال کر کے مکمل طور پر فعال کئے گئے ہیں۔ تعلیم ہی ملک و قوم اور خاندانوں کی ترقی کی بنیاد ہے اور حکومت بلوچستان کے بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ امن و امان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کارروائیاں صوبے میں امن کی ضامن ہیں۔ دہشت گرد نہتے اور بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنا کر انسانیت سے عاری ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لئے سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ قوم اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جشن آزادی کی خوشیوں میں ہم اپنے عظیم شہداء کو نہیں بھولے۔ پاکستان کے دفاع، سلامتی اور امن کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء ہماری قوم کا فخر ہیں اور ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے پسماندہ علاقوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دی ہے۔ شمالی ڈیرہ بگٹی سمیت دیگر دور افتادہ علاقوں میں شروع کئے گئے ترقیاتی منصوبوں کا آغاز موجودہ حکومت کا اہم کارنامہ ہے۔ قبائلی عمائدین نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بھی حکومتی اقدامات کے ثمرات نمایاں طور پر نظر آ رہے ہیں۔ بعد ازاں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے شمالی ڈیرہ بگٹی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے، معیار کو یقینی بنانے اور مقررہ مدت کے اندر تکمیل کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی اور دیگر ضلعی افسران نے وزیراعلیٰ کو علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیراعلیٰ نے تعلیم اور مستحق بچوں کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ اعلیٰ معیاری تعلیم کی فراہمی کے لئے تعمیر کئے جانے والے اپنی نوعیت کے منفرد تعلیمی ادارے کی عمارت کا بھی دورہ کیا۔ منصوبے کے تحت بلوچستان کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے بچے اور مستحق بچے معیاری تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تعلیم معاشرے کی ترقی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے، حکومت بلوچستان مستحق اور محروم طبقات کے بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے اسپورٹس گراؤنڈ کا بھی دورہ کیا اور کہا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان، صحت مند ماحول اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ شمالی ڈیرہ بگٹی میں اسپورٹس گراؤنڈ کے قیام سے علاقے کے نوجوانوں کو کھیلوں کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی اور صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے ذریعے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع بھی حاصل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں عوام کو بہتر اور معیاری سہولیات کی فراہمی کے لئے صوبائی حکومت اپنے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات کا اہم حصہ ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں ناقص کام کی صورت قابل قبول نہیں، حکومت نے ناقص تعمیراتی کام کے خلاف موثر کارروائیاں کی ہیں اور آئندہ بھی معیار پر سمجھوتہ کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے بلوچستان بھر میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے شروع اور مکمل کئے جن کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی، پسماندگی کا خاتمہ اور ترقی کے ثمرات کو ہر علاقے تک پہنچانا ہے۔ حکومت کا مشن ہے کہ ترقیاتی عمل کو صرف بڑے شہروں تک محدود رکھنے کی بجائے ہر تحصیل اور یونین کونسل تک وسعت دی جائے تاکہ بلوچستان کا کوئی علاقہ ترقی کے عمل سے محروم نہ رہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 5

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 24 شمارہ 243 | پیر 3 ربیع الاول، 17 اگست 2026ء، صفحات 6 قیمت 40 روپے

# باہمت فرض شناس نوجوان معاشرے کیلئے قابل تقلید ہیں، وزیراعلیٰ

## ہمیں عبدالرزاق جیسے نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل حالات میں دوسروں کی مدد کیلئے آگے بڑھتے ہیں، سرفراز بگٹی

## تیزاب گردی کا شکار لیڈی ڈاکٹر کی بروقت مدد کرنے پر عبدالرزاق خلجی اور ان کے بھائی کیلئے سرکاری ملازمت کا اعلان



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو فوری ریسکیو کرنے والے نوجوان عبدالرزاق خلجی ملاقات کررہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول ہسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کی شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرزاق خلجی (بقیہ صفحہ 5 نمبر 8)

اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے ان کے جذبہ انسانیت، ہمت اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عبدالرزاق خلجی اور ان کے بھائیوں سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عبدالرزاق خلجی نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عبدالرزاق خلجی جیسے نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھتے ہیں، نوجوان نسل کو بھی ایسے باہمت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور مؤثر کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرزاق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہادری اور جذبہ انسانیت معاشرے کے لیے ایک مثبت مثال ہے۔ اس موقع پر عبدالرزاق خلجی اور ان کے بھائیوں نے بروقت بہتر علاج و معالجے کی فراہمی، حوصلہ افزائی، داد رسی اور سرکاری ملازمت کے اعلان پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے دعاؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ان کی حوصلہ افزائی ان کے لیے باعث عزت ہے، جبکہ حکومت کی جانب سے مشکل وقت میں متاثرہ افراد کی مدد اور بروقت داد رسی کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | پیر 17۔اگست 2026ء بمطابق 03 ربیع اول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 225

## عبدالرازق عظیمی کی بہادری انسانیت قابل تقلید مثال ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

### ڈاکٹر کی مدد کرنے والے عبدالرازق اور ان سے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول ہسپتال کوئٹہ میں ہراسگی کا شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق عظیمی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے ان کے جذبہ انسانیت، ہمت اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عبدالرازق عظیمی اور ان کے بھائیوں سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عبدالرازق عظیمی نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عبدالرازق عظیمی جیسے نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھتے ہیں، نوجوان نسل کو بھی ایسے باہمت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور موثر کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرازق عظیمی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہادری اور جذبہ انسانیت معاشرے کے لیے ایک مثبت مثال ہے۔



وزیراعلیٰ سے سول ہسپتال واقعے میں ڈاکٹر کو ریسکیو کرنے والے عبدالرازق عظیمی بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔27 | پیر 17 اگست 2026ء بمطابق 03 ربیع الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔222

## وزیراعلیٰ کا عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان

### سرفراز بگٹی نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں سے ملاقات ان کی حوصلہ افزائی بھی کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کی شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے ان کے جذبہ انسانیت، ہمت اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عبدالرازق خلجی اور (بقیہ نمبر25 صفحہ نمبر2 پر)

ان کے بھائیوں سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عبدالرازق خلجی نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عبدالرازق خلجی جیسے نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھتے ہیں۔ نوجوان نسل کو بھی ایسے باہمت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور موثر کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہادری اور جذبہ؟ انسانیت معاشرے کے لیے ایک مثبت مثال ہے۔ اس موقع پر عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں نے بروقت بہتر علاج ومعالجے کی فراہمی، حوصلہ افزائی، داد رسی اور سرکاری ملازمت کے اعلان پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے دعاؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ان کی حوصلہ افزائی ان کے لیے باعث عزت ہے بلکہ حکومت کی جانب سے مشکل وقت میں متاثرہ افراد کی مدد اور بروقت داد رسی کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سول ہسپتال میں تیزاب گردی کے واقعے میں متاثر ہونے والا نوجوان رزاق خلجی ملاقات کر رہا ہے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمٰن
بیاد: برکت علی

چیف ایڈیٹر: محمد زبیر خان

جلد 77 | پیر 17 اگست 2026ء، 03 ربیع الاول 1448ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 341

# تیزاب گردی کی شکار لیڈی ڈاکٹر کی مدد کرنیوالے کیلئے سرکاری ملازمت کا اعلان

**وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی**

**عبدالرازق خلجی نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کی شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے ان کے جذبے؟ انسانیت، ہمت اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں سے (بقیہ 4 صفحہ 2 پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سول اسپتال میں تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو بروقت مدد فراہم کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اپنے بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عبدالرازق خلجی نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عبدالرازق خلجی جیسے نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھتے ہیں، نوجوان نسل کو بھی ایسے باہمت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور مؤثر کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہادری اور جذبہ؟ انسانیت معاشرے کے لیے ایک مثبت مثال ہے۔ اس موقع پر عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں نے بروقت بہتر علاج و معالجے کی فراہمی، حوصلہ افزائی، داد رسی اور سرکاری ملازمت کے اعلان پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے دعاؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ان کی حوصلہ افزائی ان کے لیے باعث عزت ہے، جبکہ حکومت کی جانب سے مشکل وقت میں متاثرہ افراد کی مدد اور بروقت داد رسی کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily Qudrat Quetta

روزنامہ

قدرت کوئٹہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

جلد 22 | سوموار 17 اگست 2026ء، 03 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ 130


# ڈاکٹر کی مدد کرنے والے عبدالرازق ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کر دیا

## مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی

### نوجوان نسل کو بھی ہامت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کا شکار ہونے والی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان

بقیہ 23 صفحہ 6 پر

عبدالرازق بگٹی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کر دیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرازق بگٹی اور ان کے بھائیوں سے وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عبدالرازق بگٹی نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی۔ ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے تیزاب گردی سے متاثرہ ہونے والی لیڈی ڈاکٹر کی مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق بگٹی اپنے بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page No. ۱۰

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 81 | پیر 17 اگست 2026ء، 3 ربیع الاول 1448ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 225

# دوسروں کی مدد کرنے والے باہمت نوجوان معاشرے کیلئے قابل تقلید مثال ہیں

## وزیراعلیٰ بلوچستان

سول اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کی شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان

حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور مؤثر کردار ادا کرتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کی شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے ان کے جذبہ انسانیت، ہمت اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عبدالرازق خلجی نے اپنی جان کی پروا کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عبدالرازق خلجی جیسے نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھتے ہیں، نوجوان نسل کو بھی ایسے باہمت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور مؤثر کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہادری اور جذبہ انسانیت معاشرے کے لیے ایک مثبت مثال ہے۔ اس موقع پر عبدالرازق خلجی اور ان کے بھائیوں نے بروقت بہتر علاج و معالجے کی فراہمی، حوصلہ افزائی، داد رسی اور سرکاری ملازمت کے اعلان پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے دعاؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ان کی حوصلہ افزائی ان کے لیے باعث عزت ہے، جبکہ حکومت کی جانب سے مشکل وقت میں متاثرہ افراد کی مدد اور بروقت داد رسی کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سول ہسپتال میں تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثرہ ہونے والی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو ریسکیو کرنے والے نوجوان اپنے بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 29 | 17 اگست 2026ء | 3 ربیع الاول | 1448ھ | قیمت 15 روپے | Ph :2839851 | FaX:2839867 | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ بی سی پی-10 | شمارہ 173

# وزیراعلیٰ کا ڈاکٹر ماہ نور کی مدد کرنے والے نوجوان کو بھائی سمیت آج نوکری دینے کا اعلان

## عبدالرازق مگسی نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی

## ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سول اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کی شکار لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کی بروقت مدد کرنے والے نوجوان عبدالرازق مگسی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے ان کے جذبہ انسانیت، ہمت اور بہادری کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عبدالرازق مگسی اور ان کے بھائیوں سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اور مشکل گھڑی میں متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کے لیے فوری اقدام کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عبدالرازق مگسی نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرہ لیڈی ڈاکٹر کی مدد کی، ایسے باہمت، فرض شناس اور انسان دوست نوجوان معاشرے کے لیے قابل تقلید مثال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں عبدالرازق مگسی جیسے نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل حالات میں اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے دوسروں کی مدد کے لیے آگے بڑھتے ہیں، نوجوان نسل کو بھی ایسے باہمت اور انسان دوست کرداروں سے سبق حاصل کرنا چاہیے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت ایسے شہریوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی خدمات کا اعتراف کرتی ہے جو انسانی جان بچانے اور مشکل میں مبتلا افراد کی مدد کے لیے بروقت اور موثر کردار ادا کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے عبدالرازق مگسی اور ان کے بھائی کے لیے سرکاری ملازمت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہادری اور جذبہ انسانیت معاشرے کے لیے ایک مثبت مثال ہے۔ اس موقع پر عبدالرازق مگسی اور ان کے بھائیوں نے بروقت بہتر علاج و معالجے کی فراہمی، حوصلہ افزائی، دادرسی اور سرکاری ملازمت کے اعلان پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان کے لیے دعاؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ان کی حوصلہ افزائی ان کے لیے باعث عزت ہے، جبکہ حکومت کی جانب سے مشکل وقت میں متاثرہ افراد کی مدد اور بروقت دادرسی کے اقدامات قابل تحسین ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے تیزاب گردی کے افسوسناک واقعہ میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر ماہ نور ناصر کو فوری ریسکیو کرنے والے نوجوان عبدالرازق مگسی اپنے بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

CamScanner

12

Balochistan T

ntimes.pk
tantimes.pk
k

92 NEWS MEDIA GROUP

balochistantimes.pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1549 QUETTA Monday August 17, 2026 / R

# Bugti announces jobs for Khilji brothers for helping acid attack victim

Staff Report

QUETTA: Chief Minister of Balochistan Mir Sarfraz Bugti has announced government jobs for Abdul Razzaq Khilji and his brother in recognition of their timely and courageous assistance to Lady Doctor Mahnoor Nasar, who was the victim of an acid attack at Civil Hospital Quetta.

Meeting the young men at the Chief Minister's Secretariat, Sarfraz Bugti praised their humanity, bravery, and selflessness, noting that Abdul Razzaq Khilji risked his own life to help the injured doctor. He said such compassionate and responsible youth are role models for society and a source of pride for the province.

The Chief Minister emphasized that the government values and acknowledges citizens who step forward to save lives and assist those in distress.

He added that the bravery and humanitarian spirit shown by Khilji and his brother set a positive example for the younger generation, who should learn from such acts of courage and empathy. Sarfraz Bugti declared that the provincial government will continue to encourage and honor individuals who demonstrate extraordinary service to humanity. Expressing gratitude, Abdul Razzaq Khilji and his brothers thanked the Chief Minister for his support, recognition, and the announcement of employment, calling it a matter of honor. They also appreciated the government's timely assistance and commitment to helping victims in difficult times.

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 17 AUG 2026 Page No. 13

# حکومت تنہا کچھ نہیں کرسکتی، عوام ساتھ دیں، میر شعیب نوشیروانی

## بلوچستان کے عوام انتہائی محنتی، اگر ہم سب مل کر آگے بڑھیں تو معاشی مشکلات پر قابو پانا ممکن ہے، صوبائی وزیر خزانہ

## بلوچستان کی معیشت مضبوط بنانے کیلئے ٹیکس وصولی کے نظام کو شفاف اور غیر ضروری اخراجات کم کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز ہے

**تعلیم کے بغیر کوئی معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا، اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کیلئے خصوصی فنڈز رکھے گئے ہیں، صحافیوں سے گفتگو**

کوئٹہ (اے این این) وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ صوبے کو معاشی طور پر مستحکم بنانا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے عوامی مسائل کم ہوں اور صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو حکومت تنہا کچھ نہیں کرسکتی، اس لئے عوام کو بھی چاہئے کہ وہ اپنے وسائل کے بہتر استعمال اور کرپشن کے خاتمے کیلئے حکومت کا ساتھ دیں بلوچستان کے عوام محنتی ہیں، اگر ہم سب مل کر آگے ......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بڑھیں تو معاشی مشکلات پر قابو پایا جاسکتا ہے یہ بات انہوں نے صحافیوں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی معیشت کو مضبوط بنانے کیلئے ٹیکس وصولی کے نظام کو شفاف بنایا جارہا ہے جبکہ غیر ضروری اخراجات کم کرنے پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے کے محدود وسائل کو بروئے کار لاکر زیادہ سے زیادہ عوامی سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے وزیر خزانہ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا اور جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیح ہے۔

# معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت کاکڑ

**کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری ہیں**

## سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کو بہتر بنانے کیلئے فنڈز جاری کئے جاچکے ہیں، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اسی مقصد کے تحت صحت کے شعبے میں بڑے پیمانے پر اصلاحات اور ترقیاتی منصوبے شروع کئے گئے ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ صوبے بھر کے سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کو بہتر بنانے کیلئے فنڈز جاری کئے جاچکے ہیں نئے آلات، ......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

ایمبولینس سروس، لیبارٹریز اور ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ عوام کو مفت اور بروقت علاج دستیاب ہو انہوں نے کہا کہ ضلع اور تحصیل سطح کے ہسپتالوں کو فعال بنایا جارہا ہے تاکہ مریضوں کا بوجھ صرف کوئٹہ کے ہسپتالوں پر نہ ہو وزیر صحت نے کہا کہ ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی کمی کو پورا کرنے کیلئے بھرتی کا عمل شروع ہوچکا ہے۔ دیہی علاقوں میں بھی صحت مراکز فعال کئے جارہے ہیں تاکہ دور دراز کے عوام بنیادی طبی سہولیات سے محروم نہ رہیں انہوں نے کہا کہ زچہ و بچہ صحت کے مراکز اور ویکسینیشن پروگرام پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے تاکہ بچوں اور ماؤں کی شرح اموات میں کمی لائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں شفافیت اور معیار کیلئے مانیٹرنگ سسٹم مزید مضبوط کیا جارہا ہے اور غفلت برتنے والے اہلکاروں کے خلاف کارروائی ہوگی عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر صحت کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ان اصلاحات سے صوبے کے عوام کو حقیقی ریلیف ملے گا اور صحت کے شعبے میں درپیش مسائل میں نمایاں کمی آئے گی بخت کاکڑ نے عزم ظاہر کیا کہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے گی اور آئندہ چند ماہ میں عوام کو واضح بہتری نظر آئے گی۔

# میر ضیاء اللہ لانگو پر دہشتگردانہ حملہ قابل مذمت ہے، خالد خان مگسی

**ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید موثر بنائی جائیں گی، صدر بی اے پی**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر اور وفاقی وزیر نوابزادہ خالد خان مگسی نے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے ٹیلیفونک رابطہ کرکے ان کی خیریت دریافت کی اور مستونگ میں پیش آنے والے دہشتگردی کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔ نوابزادہ خالد خان مگسی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان اور صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو بزدلانہ حملے میں محفوظ رہے۔ انہوں نے ......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں کی جانب سے کئے جانے والے حملے کو بزدلانہ کارروائی قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشتگردوں کے حملے کو ناکام بنایا جس پر بلوچستان پولیس کے جوان خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور پولیس کی قربانیاں قابل قدر ہیں، ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید موثر بنائی جائیں گی۔

# حکومت مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اقدامات اٹھارہی ہے، میر زرین مگسی

**لسبیلہ کے عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، پارلیمانی سیکرٹری سیاحت**

اوتھل (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے سنجیدہ اور عملی اقدامات اٹھارہی ہے اور اس مقصد کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں لسبیلہ کے عوام کے مسائل کا حل میری اولین ترجیح ہے اور عوام کو کسی بھی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ یہ بات انہوں نے سرکٹ ہاؤس اوتھل میں ملاقات کرنے والے مختلف وفود و قبائلی عمائدین ......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس سے قبل سرکٹ ہاؤس اوتھل پہنچنے پر پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی کا پرتپاک خیرمقدم کیا گیا اور انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے اس موقع پر چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل لسبیلہ سردار غلام فاروق شیخ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ، ڈی پی او لسبیلہ حبیب اللہ جمالی، ڈی ایچ او لسبیلہ ڈاکٹر کرم اللہ شاہ ہاشمی، سابق وائس چیئرمین لسبیلہ قادر بخش جاموٹ، ایم ایس سول ہسپتال اوتھل ڈاکٹر اویس واجد، سابق چیئرمین اوتھل سردار سول بخش، سابق وائس چیئرمین اوتھل سید حفیظ شاہ کاظمی اور دیگر بھی موجود تھے۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جائیں تعلیم، صحت، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، سڑکوں کی تعمیر و مرمت سمیت دیگر شعبوں میں بہتری کیلئے اقدامات تیز کردیئے گئے ہیں۔ نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا کہ عوام نے جن مسائل کی نشاندہی کی ہے ان کے حل کیلئے فوری اور عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

# بلوچستان کل بھی پاکستان کیساتھ اور آج بھی ہے، سلیم کھوسہ

**عوام نے جشن آزادی جوش و خروش کیساتھ منا کر دشمن قوتوں کو واضح پیغام دیا، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ جشن آزادی جس طرح سے بلوچستان کے عوام نے منا کر دشمن قوتوں کو یہ پیغام دیا کہ بلوچستان کے عوام کل بھی ملک کے ساتھ تھے اور آج بھی ساتھ ہے یہ ملک اور بلوچستان ایک ساتھ چلے گا اور جس طرح ہماری بزرگوں نے قربانی دی ان کی قربانی رائیگاں نہیں ہونے دیں گے بلکہ بلوچستان کو ملک کے دیگر صوبوں کے برابر لانے کے ......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

لیے تمام تر سرکاری وسائل بروئے کار لائے گی جشن آزادی کو پرامن طریقے سے منانے کا وزیر اعلیٰ بلوچستان، سیکیورٹی اداروں اور عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ جس طرح بلوچستان کے دیگر علاقوں کے ساتھ ہمارے علاقے صحبت پور میں عوام نے نکل کر جشن آزادی کو احسن طریقے سے منایا اور عوام کو یہ پیغام دیا کہ یہ ملک ہم سب کا ہے اس ملک کیلئے ہماری بزرگوں نے جو قربانی دی اس پر ہمیں فخر ہیں بزرگوں کی اس قربانی کو ضرور برقرار رکھیں گے بلکہ ملکی استحکام اور خوشحالی کے لئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائیں گے یہ ملک ہے تو ہم ہے چند لوگوں کی یہ خام خیالی ہے کہ کوئی سازش کرکے بلوچستان کے عوام کو ملک سے الگ کریں لیکن یہ کبھی نہیں ہوسکتا کچھ لوگوں کی سوچ ایسا اگر ہو تو ہوسکتا ہے لیکن عملی طور پر ہم متحد ہیں اور متحد رہیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ١

Dated: 17 AUG 2026 Page No. 14

## کلی مینگل آباد میں ماں بیٹی کا قتل، دہشتگردوں نے بلوچی روایات کو مسخ کیا، خواتین رہنما

**اس گھناؤنے عمل پر انسانی حقوق کی چیمپئن تنظیموں کی خاموشی باعث تشویش ہے، غزالہ گولہ، راحیلہ حمید، مینا مجید، ہادیہ نواز بھیرانی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزراء ڈپٹی اسپیکر صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ، صوبائی وزیر راحیلہ حمید خان درانی، صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی ہادیہ نواز بھیرانی نے کہا ہے کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے کلی مینگل آباد میں ماں بیٹی کو قتل کرکے بلوچوں کی روایات کو مسخ کیا ہے جس کی وجہ سے دہشت گردوں کا مکروہ چہرہ دنیا کے سامنے عیاں ہو چکا ہے اور اس گھناؤنے عمل کے خلاف کام کرنے والی انسانی حقوق کی چیمپئن تنظیموں کی خاموشی باعث تشویش ہے ہم نے مل کر بلوچستان میں امن دشمنوں کو شکست دیکر پر امن بلوچستان کے خواب کو شرمندہ تعبیر بنانا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو سول سیکرٹریٹ میں سکندر جمالی آڈیٹوریم میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قبائلی صوبہ ہے اور یہاں رہنے بسنے والے قبائل کی روایات اور ثقافت کی مثالیں دی جاتی تھیں لیکن آج یہاں رہنے بسنے والوں سمیت اب خواتین گھروں میں بھی محفوظ نہیں گزشتہ دنوں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے رکنی کے علاقے کلی مینگل آباد میں رہائشی غریب سرکاری ملازم حنیفہ بی بی اور حلیمہ بی بی کو گھر میں گھس کر موت کے گھاٹ اتارنے کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے مذکورہ خاندان سیلاب سے متاثر تھے پاک فوج کے تعاون سے ان کا گھر بحال ہوا تھا لیکن انہیں گھر میں گھس کر قتل کرنے والے دہشت گرد بلوچ قوم کے خیر خواہ نہیں ہو سکتے اور گھروں میں حملہ کرکے خواتین کو قتل کرنا کوئی بلوچیت ہے۔ فتنہ الہندوستان صرف سیکورٹی فورسز نہیں بے گناہ شہریوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں اور جو کردار کرتے ہیں ان کا قلع قمع کرنے کے لئے سیکورٹی فورسز اپنا کام کر رہی ہیں ان کی شناخت کیلئے عوام کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب نے مل کر بلوچستان میں بدامنی پھیلانے والے دشمنوں کو شکست دیکر امن کو قائم کرنا ہے فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں ہم سب نے دہشتگردوں کے خلاف یک زبان اور متحد ہو کر بولنا ہے آج انسانی حقوق کی تنظیمیں ماں بیٹی کے قتل پر کیوں خاموش ہے اب ان کی انسانی حقوق کی خلاف ورزی نہیں ہو رہی انہوں نے کہا کہ اس بزدلانہ حملے میں ملوث افراد کو قانون کے کٹہرے [illegible]

## دہشتگردی کیخلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں لائق تحسین ہیں، محسن نقوی

**اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا کہ آپ حملے میں محفوظ رہے، میر ضیاء لانگو کو وفاقی وزیر داخلہ کا فون، خیریت دریافت کی**

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اتوار کو وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، وفاقی وزیر محسن نقوی نے میر ضیاء اللہ لانگو کی خیریت دریافت کی اور ان پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مستونگ حملہ ناکام بنانے پر بلوچستان پولیس کی بہادری کو خراج تحسین پیش کیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہوا میر ضیاء اللہ لانگو حملے میں محفوظ رہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان پولیس کی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے خیریت دریافت کرنے اور حوصلہ افزائی پر محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک ضرور پہنچایا جائے گا، امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

## سانحہ 5 جولائی زیارت کچ بلوچستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، نور محمد دمڑ

**یہ صرف پولیس پر نہیں بلکہ ریاست، قانون اور بلوچستان کے امن پر حملہ تھا، ترجمان کا بیان**

ہرنائی (نامہ نگار) ترجمان صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ سانحہ 5 جولائی زیارت کچ بلوچستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے۔ دہشتگردوں نے بزدلانہ کارروائی میں ہمارے پولیس فورس کے بہادر جوانوں کو بے دردی سے شہید کیا۔ یہ صرف پولیس پر حملہ نہیں تھا بلکہ ریاست، قانون اور بلوچستان کے امن پر حملہ تھا۔ [illegible]

MASHRIQ QUETTA

## ملک دشمن عناصر کو ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آئے گا' محمد خان لہڑی

**جشن آزادی خوش و خروش سے منانے پر عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، صوبائی مشیر**

**پاکستان کی بقا، سلامتی اور ترقی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے' مشرق سے گفتگو**

اوستہ محمد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنما صوبائی مشیر برائے ایکسائز، ایم پی اے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ یوم آزادی بھرپور جوش و جذبے اور قومی ولولے کے ساتھ منانے پر بلوچستان کے غیور عوام خراج تحسین کی مستحق ہے بلوچستان کے عوام محب وطن پاکستانی ہیں اور وطن عزیز کی سلامتی، استحکام اور ترقی کیلئے ہمیشہ اپنا کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے اور انہیں .......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آئے گا ان خیالات کا اظہار حاجی محمد خان لہڑی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا، اس کی بقا، سلامتی اور ترقی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بلوچستان کے عوام نے ہر مشکل گھڑی میں پاکستان سے اپنی محبت اور وفاداری کا عملی ثبوت دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں اور جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔ آج کے دن ہمیں اس عزم کا اعادہ کرنا چاہیے کہ ملک کی ترقی، خوشحالی اور امن کے لیے متحد ہو کر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر عوام کو گمراہ نہیں کر سکتے، قوم اپنی ریاست اور وطن کے دفاع کے لیے متحد ہے۔ حاجی محمد خان لہڑی نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان کی ترقی، عوام کی خوشحالی اور امن و امان کے قیام کے لئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ عوام بھی قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## کاشتکاروں کو زرعی پانی کی منصفانہ فراہمی اولین ترجیح ہے' صادق عمرانی

**زرعی پانی کی تقسیم میں کسی قسم کی ناانصافی برداشت نہیں، صوبائی وزیر**

نصیرآباد (پ ر) صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی سے سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل نصیرآباد ڈویژن مدثر ظفر کھوسہ نے ملاقات کی، اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر و چیئرمین مارکیٹ کمیٹی نصیرآباد میر بلال صادق عمرانی اور سب ڈویژنل آفیسر امان اللہ کاکا جانی بھی موجود تھے ملاقات کے دوران سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن مدثر ظفر کھوسہ نے صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کو محکمہ ایریگیشن کی جانب سے کاشتکاروں .......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

کے وسیع تر مفاد میں اٹھائے جانے والے اقدامات، نصیرآباد ڈویژن میں زرعی پانی کی منصفانہ و شفاف تقسیم، نہروں میں پانی کی روانی، آبپاشی نظام کی بہتری اور نہری نظام کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ مدثر ظفر کھوسہ نے بتایا کہ محکمہ ایریگیشن کی ٹیمیں نہری پانی کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں جبکہ کاشتکاروں کو مقررہ شیڈول کے مطابق پانی کی فراہمی یقینی بنانے، پانی کے ضیاع کی روک تھام، نہروں کی صفائی و مرمت اور پانی چوری کے سدباب کے لئے عملی اقدامات جاری ہیں

[illegible]

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 7

Dated: 17 AUG 2026 Page No. 5

## مسائل کا مقابلہ باہمی احترام، اتحاد اور رواداری کو فروغ دے کر کیا جا سکتا ہے، سید ال ناصر

نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ پوری انسانیت کے لیے عدل، برداشت، اخوت، مساوات اور حسن اخلاق کا روشن نمونہ ہے

کوئٹہ / اسلام آباد (این این آئی) ارکان قومی اسمبلی سید ال خان نے ماہ ربیع الاول کی آمد پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بابرکت مہینہ امت کے لیے عقیدت، محبت اور روحانی وابستگی کا پیغام لے کر آتا ہے۔ ماہ ربیع الاول ہمیں حضور اکرم ﷺ کی مبارک سیرت اور آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنی زندگیوں میں اختیار کرنے کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی حیات طیبہ پوری انسانیت کے لیے عدل، برداشت، اخوت، مساوات [illegible]

[illegible]

MASHRIQ QUETTA

# وزیراعلیٰ کا وژن نوجوانوں کو محفوظ روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے، بی ٹیوٹا

وزیراعلیٰ یوتھ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ پروگرام عالمی روزگار کی مسابقتی مارکیٹ کیلئے تیار کرنے کا جامع منصوبہ ہے

ورک پرمٹ متعلقہ فرم کی ذمہ داری جبکہ ادارہ صرف تصدیق شدہ ورک ویزہ کے حصول کے بعد مالی معاونت کا پابند ہے

حکومت بلوچستان اپنی بیٹیوں اور بیٹوں کی عزت، وقار اور تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی، ترجمان

کوئٹہ (خ ن) بی ٹیوٹا نے ایک بیک میل گروپ کی جانب سے جعلی ورک پرمٹس کے حوالے سے سامنے آنے والے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ادارہ خود کوئی ورک پرمٹ جاری نہیں کرتا، جبکہ ........ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

زیر بحث مشکوک ورک پرمٹس بی ٹیوٹا کو اعتماد میں لئے بغیر امیدواروں کو براہ راست ای میل کے ذریعے موصول ہوئے تھے اور ادارے نے معاملہ سامنے آتے ہی دسمبر 2025ء میں متعلقہ فرم سے وضاحت طلب کی، جس نے مذکورہ ورک پرمٹس کو جعلی قرار دیا۔ ترجمان بی ٹیوٹا کے مطابق حکومت بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا وژن صوبے کے نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری فنی تربیت فراہم کرکے انہیں باعزت اور محفوظ روزگار کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

## ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے سرمایہ کاری کو فروغ حاصل

خضدار بی ایل زیڈ منصوبہ پاکستان کے اہم معدنی منصوبوں میں شامل

منصوبے سے سالانہ 150 سے 230 ملین ڈالر تک آمدن کی توقع

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری، ترقی اور وسائل کے مؤثر استعمال کو فروغ مل رہا ہے۔ پاکستان کا معدنی شعبہ وسیع قدرتی وسائل کے باعث معاشی ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے اہم صلاحیت رکھتا ہے۔ خضدار بارائٹ، لیڈ، زنک (بی ایل زیڈ) منصوبہ پاکستان کے اہم معدنی منصوبوں ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

میں شامل ہے، جس پر طویل عرصے سے کام جاری ہے۔ ایس آئی ایف سی نے بی ایل زیڈ منصوبے کو درپیش اہم مسائل کے حل میں سہولت کاری فراہم کرتے ہوئے 200 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی راہ ہموار کی، یہ منصوبہ پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ اور بولان مائننگ انٹرپرائزز کے اشتراک سے خضدار میں تیار کیا جا رہا ہے۔

## بلوچستان میں حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام ای پی آئی میں نمایاں پیش رفت

مکمل حفاظتی ٹیکوں کی کوریج 37.6 فیصد سے بڑھ کر 56.6 ہوگئی، آغا خان یونیورسٹی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میں معمول کے حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام ای پی آئی نے نمایاں پیش رفت حاصل کرلی، آزادانہ سروے TPVICS راؤنڈ 3 کے مطابق صوبے میں بچوں کی مکمل حفاظتی ٹیکوں کی کوریج میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ آغا خان یونیورسٹی کے آزادانہ سروے کے مطابق بلوچستان میں مکمل حفاظتی ٹیکوں کی کوریج 37.6 فیصد سے بڑھ کر 56.6 فیصد ہوگئی، جو 19 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہے۔ سروے کے مطابق ........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

حفاظتی ٹیکوں سے محروم یا صفر خوراک والے بچوں کی شرح بھی 33.7 فیصد سے کم ہو کر 13.4 فیصد رہ گئی، جس میں 20.3 فیصد پوائنٹس کی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح کیونٹی تک ویکسینیشن سروسز کی رسائی میں بھی غیر معمولی بہتری سامنے آئی ہے، جو 31 فیصد سے بڑھ کر 67 فیصد تک پہنچ گئی، یعنی 36 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔ حکام کے مطابق یہ نمایاں پیش رفت صوبائی قیادت، بہتر نگرانی، مؤثر شراکت داری، انسانی وسائل کی فراہمی، مائیکرو پلاننگ میں بہتری، موبائل ویکسینیشن سروسز اور ڈیجیٹل امیونائزیشن سسٹم کے مؤثر استعمال کا نتیجہ ہے۔

## چینی قونصل جنرل کی میر ضیاء لانگو کے قافلے پر حملے کی مذمت

ٹیلی فونک رابطہ، زخمی ہونے والے اہلکاروں کی جلد صحت یابی کی دعا

کوئٹہ (این این آئی) چینی قونصل جنرل لیگ ڈینگ کراچی نے اتوار کو وزیرداخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو سے رابطہ کر کے ان کی خیریت دریافت کی۔ چینی قونصل ...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

جنرل لیگ ڈینگ نے وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کے قافلے پر مستونگ میں دہشتگردانہ حملے پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کیا۔ چینی قونصل جنرل نے کہا کہ مستونگ میں میر ضیاء اللہ لانگو کے قافلے پر دہشتگردانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہیں، میر ضیاء اللہ لانگو کے قافلے پر حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 17 AUG 2026 Page No. 16

# موجودہ حالات میں نئے صوبوں کا قیام مزید تباہی کا باعث ہوگا، مالک بلوچ

آنے والے وقت میں بلوچستان میں مزید تباہی نظر آرہی ہے بلوچستان کا مسئلہ سیاسی طور پر ہی حل کیا جاسکتا ہے، سربراہ نیشنل پارٹی

پارٹی کو مضبوط و فعال بنانے کیلئے اس کے تنظیمی ڈھانچے کو منظم اور مسائل کے حل کو جماعت ممکنہ طور پر یقینی بنائے

**نیشنل ہے صوبے میں کسی آگ کو سیاسی جماعتوں اور مذہبی خواہوں کے ساتھ ملکر ٹھنڈا کریں، پریس کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ سوراب واقعہ نے حقیقت عیاں کردی ہے اور آنے والے وقت میں بلوچستان میں مزید تباہی نظر آرہی ہے بلوچستان کا مسئلہ سیاسی سیاسی طور پر ہی حل کیا جاسکتا ہے کیونکہ سیکورٹی فورسز اور مزاحمت کار بات کرنے کو تیار نہیں نئے صوبوں کے قیام کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس ........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کی مزاحمت کریں گے موجودہ حالات میں نئے صوبوں کا قیام پاکستان کیلئے مزید تباہی کا باعث ہوگا پارٹی کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لئے ملک گیر سطح پر بڑی سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطے کرکے مشترک اقدامات اٹھائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں کوئٹہ کے رہائشی میر احمد مری کی اپنے دوستوں، برادری، عزیزوں اور 60 خاندانوں کے ہمراہ نیشنل پارٹی میں شمولیت کرنے کے موقع پر پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، صوبائی صدر محمد اسلم بلوچ، جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ، ایڈووکیٹ شاہس خان بزنجو، میر محراب مری، ایم پی اے پارلیمانی میر رحمت صالح بلوچ، یاسین لہڑی، داد محمد بلوچ، عبدالخالق بلوچ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے میر احمد مری کو جماعت میں شامل ہونے پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ہم دیگر اقوام کو بھی پارٹی میں شامل کریں گے انہوں نے کہا کہ سوراب واقعہ انتہائی قابل مذمت ہے اور آنے والے وقت میں بلوچستان میں مزید حالات کی کشیدگی دیکھ رہے ہیں

# کوئٹہ میں بدامنی کے پے در پے واقعات تشویشناک ہیں، اے این پی

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی نہ صرف بنیادی ذمہ داری ہے بلکہ اولین ترجیحات میں شامل ہے

**عوام بدامنی، دہشتگردی اور عدم تحفظ کی صورتحال سے دوچار ہیں نئے واقعہ کے بعد خوف وہراس میں مزید اضافہ ہو رہا ہے، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں ہدہ اوڈک دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ صوبے بالخصوص صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بدامنی کے پے در پے واقعات انتہائی تشویشناک ہیں ان واقعات کے تسلسل سے یہ تاثر مضبوط ہو رہا ہے کہ بدامنی کے پس پردہ مذموم مقاصد اور مخصوص عزائم کارفرما ہیں صوبائی دارالحکومت میں بار بار اس نوعیت کے واقعات کا رونما ہونا نہ صرف امن و امان کی صورتحال پر کئی سوالات کو جنم دیتا ہے بلکہ عوام میں پائی جانے والی بے چینیوں میں بھی اضافہ ہو رہا ہے صوبائی بیان میں کہا گیا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی نہ صرف بنیادی ذمہ داری ہے بلکہ اولین ترجیحات میں شامل ہے بدقسمتی سے صوبے کے عوام ایک طویل عرصے ........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

سے بدامنی، دہشت گردی اور عدم تحفظ کی صورتحال سے دوچار ہیں جبکہ ہر نئے واقعہ کے بعد شہریوں میں خوف وہراس مزید بڑھ رہا ہے بیان میں کہا گیا کہ صوبے کے عوام بھاری بھرکم ٹیکس ادا کرتے ہیں لیکن اس کے باوجود انہیں بدلے میں بنیادی تحفظ بھی میسر نہیں عوام آئے روز اپنے پیاروں سے محروم ہو رہے ہیں اور ان کے کاروبار روزگار اور معمولات زندگی بھی مسلسل متاثر ہو رہے ہیں ایک سانحے کے زخم ابھی تازہ ہوتے ہیں کہ دوسرا واقعہ رونما ہو جاتا ہے جو امن وامان کے حوالے سے حکومتی اقدامات اور موجودہ حکمت عملی پر سنجیدہ سوالات اٹھاتا ہے عوامی نیشنل پارٹی کے بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ دہشت گردی اور بدامنی کے خاتمے کے لئے محض بیانات اور وقتی اقدامات کافی نہیں بلکہ ان واقعات کے اصل محرکات سہولت کاروں اور ذمہ دار عناصر تک پہنچنا ہوگا ہدہ اوڈک دھماکے سمیت حالیہ بدامنی کے واقعات کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور عوام کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔

# پشتون قومی جرگہ اقوام میں اتحاد و اتفاق کا ذریعہ بنے گا، پشتونخوا میپ

قومی جرگہ میں جنوبی کوئٹہ کی تمام اقوام و اقلیتی برادری بھی ضرور شرکت کریں تاکہ انکی بہتر نمائندگی ہو، سید شراف آغا

**پشتون قومی جرگہ کے حوالے سے نام نہاد منفی پروپیگنڈہ اور سوشل میڈیا پر جاری مہم قابل مذمت ہے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (پ ر) پشتون قومی جرگہ منعقدہ 31,30 اگست، یکم ستمبر کی تیاریاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں پارٹی کے مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا کی زیر صدارت ضلع کوئٹہ کے صوبائی ایگزیکٹیوز، ضلع سیکرٹری، سینئر معاونین اور چاروں تحصیلوں کے سیکرٹریز، سینئر معاونین کا مشترکہ اجلاس پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن سابق صوبائی وزیر مرحوم سردار رضا محمد بڑیچ کی رہائش گاہ پر منعقد ہوا۔ اجلاس میں جرگہ سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر سید شراف آغا و دیگر صوبائی ........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

ایگزیکٹیوز اور اراکین نے اپنی اپنی تجاویز پیش کیں اور کامیاب جرگہ کے انعقاد، نظم و ضبط، اسٹیج، معززین تک دعوت ناموں کو پہنچانے، جرگہ کے انتظامات و دیگر امور پر تفصیلی بحث و مباحثہ کیا گیا۔ اس موقع پر رہنماؤں نے کہا کہ جنوبی پشتونخوا کے عوام کا کوئٹہ میں پشتون قومی جرگہ قومی روایات، اتحاد و اتفاق اور منظم ہونے کا ذریعہ ثابت ہوگا اور ہمارے عوام کو درپیش لاینحل صورتحال سے نجات کا باعث بنے گا۔

# بی این پی کی کال پر کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں احتجاجی مظاہرے

متحد ہونے کا وقت آ گیا ہے، ورنہ سب کچھ ختم ہو جائے گا، رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا کہ حکمران بلوچستان میں عوام پر مظالم ڈھا کر ان سے جینے کا ........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

حق چھین رہے ہیں بلوچستان کے علاقوں سوراب، گدر، خضدار، وڈھ میں نہتے لوگوں پر بمباری کرکے خواتین اور بچوں کو شہید کیا جا رہا ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 17 AUG 2026 Page No. 17

## بلوچستان: خاران میں سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 1 دہشتگرد ہلاک

## جھل مگسی: کرش پلانٹ پر مسلح افراد کا حملہ، مقامی ٹھیکیدار سمیت 5 مزدور اغوا

MASHRIQ QUETTA

## جھل مگسی نوابزادہ ظفر مگسی کے کریشر پلانٹ پر مسلح افراد کا حملہ

مسلح افراد مقامی ٹھیکیدار اور 4 ساتھیوں اور گاڑی سمیت اغوا کر کے نامعلوم مقام کی طرف لے گئے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 17 AUG 2026 Page No. 8

## کوئٹہ: پینے کے صاف پانی کی قلت نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی

[illegible]

## آٹا کی قیمتوں میں اضافہ، گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑنے لگے

[illegible]

AZADI QUETTA

# قلات: غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی

زمیندار، چھوٹے صنعت کار، کسان، مریض، بزرگ، خواتین اور بچے سب اس صورتحال سے شدید متاثر ہو رہے ہیں

### کیسکو کی جانب سے غیر اعلانیہ فورس لوڈشیڈنگ کے نام پر عوام کو اذیت کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، بی این پی

قلات (آن لائن) قلات میں غیر اعلانیہ فورس لوڈشیڈنگ ... [illegible]

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
Balochistan News Quetta
17 AUG 2026
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکو[illegible]
Bullet No 6
Page No. 19

[illegible]

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دوٹوک عزم کا اظہار کیا ہے کہ ان کی زیر قیادت موجودہ مخلوط صوبائی حکومت ترقیاتی عمل کو صرف بڑے شہروں تک محدود نہیں رکھے گی بلکہ صوبے کے تمام اضلاع میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اپنے دورہ ڈیرہ بگٹی کے موقع پر کہی ہے۔ وزیراعلیٰ نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا ان کا کہنا تھا کہ موجودہ حکومت نے بلوچستان بھر میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے شروع اور مکمل کئے ہیں، جن کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات فراہم کرنا، پسماندگی کا خاتمہ اور ترقی کے ثمرات ہر علاقے تک پہنچانا ہے۔ ترقیاتی عمل کو بڑے شہروں تک محدود رکھنے کے بجائے ہر تحصیل اور یونین کونسل تک وسعت دی جارہی ہے، جبکہ نئے اضلاع اور ڈویژنز کے قیام کا ایک مقصد ترقیاتی وسائل اور فنڈز کی منصفانہ تقسیم بھی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مختصر مدت کے دوران ہزاروں نوجوانوں کو مختلف [illegible]شعبوں میں روزگار کے مواقع فراہم کئے جاچکے ہیں اور نوجوانوں کے لئے تعلیم، ہنر، روزگار اور کھیل کے [illegible] مواقع پیدا کئے جارہے ہیں۔ بلوچستان کی ترقیاتی ضروریات کے پیش نظر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا قابل ستائش اور باعث مسرت ہے بلوچستان میں ماضی میں یہ شکایات سامنے آتی رہی ہیں کہ ترقیاتی وسائل کا بڑا حصہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور چند بڑے شہری مراکز تک محدود رہ جاتا ہے، جبکہ دور افتادہ اضلاع بنیادی سہولیات کے حوالے سے بدستور مشکلات کا شکار رہتے ہیں۔ اس صورت حال میں وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے اس بات پر زور دینا کہ ترقیاتی عمل بڑے شہروں تک محدود رکھنے کے بجائے ہر تحصیل اور یونین کونسل تک وسعت دی جارہی ہے، ایک درست سمت کی نشاندہی کرتا ہے۔ اگر یہ پالیسی تسلسل کے ساتھ عملی شکل اختیار کرتی ہے تو اس کے نتیجے میں صوبے کے پسماندہ علاقوں میں ترقی کی رفتار تیز ہونے کے ساتھ ساتھ عوام کا اعتماد بھی مضبوط ہوگا۔ تعلیم، صحت، آبنوشی، مواصلات و تعمیرات اور دیگر شعبوں میں جاری منصوبے مستحسن اور قابل ستائش ہیں تاہم ضروری ہے کہ ایک تو تکمیل جلد ہو اور ساتھ ہی معیار کو بھی اولیت دی جائے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز اس حوالے سے اپنے دوٹوک عزم کو دہرایا ہے اور کہا ہے کہ معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا بلوچستان جیسے صوبے میں محدود وسائل کے باوجود اگر کوئی منصوبہ ناقص تعمیر کی وجہ سے چند برسوں بعد دوبارہ تعمیر طلب ہوجائے تو یہ قومی وسائل کا ضیاع ہے اس لئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ مخلوط صوبائی حکومت کو چاہئے کہ وہ محض منصوبوں کا اجراء نہ کرے بلکہ منصوبوں کی بروقت اور معیاری تکمیل پر بھی خصوصی توجہ مرکوز کرے وزیراعلیٰ نے گزشتہ روز ڈیرہ بگٹی کے دورے کے موقع پر اس حوالے دوٹوک عزم دہرایا ہے ہم اس عزم کو سراہتے ہیں معیار پر سمجھوتہ کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی پالیسی اختیار کرنا ہوگی۔ ترقیاتی عمل کے حوالے سے سب سے اہم بات یہ ہے کہ حکومت کو منصوبوں کے انتخاب میں سیاسی یا علاقائی ترجیحات کے بجائے حقیقی ضرورت کو بنیاد بنانا ہوگا۔ بلوچستان کے ہر ضلع کے مسائل یکساں نہیں۔ کہیں پانی بنیادی مسئلہ ہے، کہیں سڑکیں اور رابطے کہیں صحت اور تعلیم، کہیں بجلی اور روزگار کی ضرورت زیادہ ہے۔ اس لئے ضلع وار ترقیاتی منصوبہ بندی اور مقامی ضروریات کے مطابق وسائل کی تقسیم زیادہ مؤثر ثابت ہوسکتی ہے۔ بلوچستان کی پسماندگی کا خاتمہ کسی ایک سال یا ایک حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ یہ ایک مسلسل عمل ہے۔ موجودہ حکومت اگر اس عمل کو سنجیدگی سے آگے بڑھانا چاہتی ہے تو اسے منصوبوں کے تسلسل، شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو یقینی بنانا ہوگا۔ ماضی کے تجربات سے سبق سیکھتے ہوئے ایسی منصوبہ بندی ضروری ہے جس کے نتیجے میں شروع کئے جانے والے منصوبے حکومتوں کی تبدیلی سے متاثر نہ ہوں۔ یہ امر بھی خوش آئند ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوجوانوں کے لئے تعلیم، ہنر، روزگار اور کھیل کے مواقع پیدا کرنے کو ترجیح قرار دیا ہے۔ بلوچستان کی بڑی نوجوان آبادی اگر تعلیم یافتہ، ہنرمند اور روزگار سے وابستہ ہوجائے تو یہی آبادی صوبے کی سب سے بڑی طاقت بن سکتی ہے۔ اس مقصد کے لئے صرف سرکاری ملازمتوں پر انحصار کرنے کے بجائے فنی تعلیم، کاروباری تربیت، نجی شعبے میں سرمایہ کاری اور مقامی صنعتوں کے فروغ پر بھی توجہ دینا ہوگی۔ بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے۔ اس صوبے میں امن، خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے نہ صرف یہاں کے عوام کی زندگی بہتر ہوگی بلکہ قومی معیشت، علاقائی تجارت اور مجموعی قومی استحکام پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ اس لئے بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کو ترقی کے دھارے میں لانا کسی ایک علاقے یا طبقے کے ساتھ احسان نہیں بلکہ قومی ضرورت ہے۔ بلوچستان کو ایسی ترقی درکار ہے جو صرف سڑکوں اور عمارتوں میں نظر نہ آئے بلکہ عوام کی زندگیوں میں محسوس ہو۔ ایسی ترقی جو کوئٹہ سے نکل کر ژوب، چمن، دکی، زیارت، خضدار، قلات، نوشکی، خاران، پنجگور، گوادر اور ڈیرہ بگٹی سے لے کر نصیرآباد ڈویژن تک غرض ہر جگہ ہر علاقے ہر ضلع تک پہنچے اگر حکومت تمام اضلاع کو ترقیاتی عمل میں برابر کا شریک بنانے، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے اپنے عزم پر ثابت قدم رہتی ہے تو یہ بلوچستان کے روشن مستقبل کی بنیاد مضبوط کرنے میں ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگی۔ یہی وہ ترقی ہے جس کے ثمرات حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچ سکتے ہیں اور یہی وہ راستہ ہے جو بلوچستان کو پسماندگی سے نکال کر پائیدار ترقی، خوشحالی اور استحکام کی طرف لے جاسکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 17 AUG 2026 Page No. 20

## مہنگائی کی شرح میں مزید اضافہ، عوام کی بڑھتی معاشی مشکلات، حکومتی سطح پر ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہنگامی اقدامات کی ضرورت

اگست کے دوسرے ہفتے میں بھی ملک میں مہنگائی کی شرح میں 0.15 فیصد اضافہ ہوا اور سالانہ شرح 9.11 فیصد تک پہنچ گئی ہے، ایک ہفتے کے دوران 20 اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ، 9 اشیاء سستی اور 22 کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران مہنگائی میں 0.15 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح 9.11 فیصد تک پہنچ گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 51 اشیائے ضروریہ میں سے 20 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 کی قیمتوں میں کمی اور 22 اشیا کی قیمتوں میں استحکام رہا، ایک ہفتے کے دوران پیاز کی قیمت میں 24.68 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا، چنے کی دال 3.35 فیصد اور مرغی 2.45 فیصد مہنگی ہوگئی۔ اسی طرح ایل پی جی کی قیمت میں بھی 0.67 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، چائے، سرسوں کا تیل، دہی اور مسور کی دال بھی مہنگی ہونے والی اشیاء میں شامل ہیں، سالانہ بنیاد پر ٹماٹر کی قیمت میں 143.77 فیصد کا غیر معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، پیاز 125.75 فیصد اور گندم کا آٹا 77.41 فیصد مہنگا ہوا۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق ہفتہ وار بنیاد پر پیٹرول کی قیمت میں 2.35 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی جو بڑی کمی قرار دی گئی ہے، ٹماٹر 1.26 فیصد، آلو 0.73 فیصد اور ڈیزل 0.29 فیصد سستا ہوا، کیلے، مونگ کی دال، انڈوں اور چینی کی قیمتوں میں بھی کمی ہوئی۔ پاکستان میں مہنگائی کی وجہ سے عام فرد جس پریشانی کا شکار ہے اس کی بڑی وجہ تیل مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہے، نیز کھانے پینے کی چیزوں کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے کے ساتھ روزمرہ استعمال ہونے والی مہنگی اشیاء اور دیگر اخراجات شامل ہیں جس کی وجہ سے عام لوگوں کی معاشی مشکلات بڑھتی جارہی ہیں، لوگوں کی آمدن محدود جبکہ اخراجات بڑھتے جارہے ہیں۔ مہنگائی کی مجموعی شرح میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے غذائی اشیاء کی قیمتوں کو پر لگ گئے ہیں، خوردنی تیل، سبزیوں، دالوں، چکن، گوشت کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جبکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کی غیر یقینی صورتحال نے شہریوں کو مزید پریشانی میں مبتلا کرکے رکھ دیا ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے نے عام لوگوں کی معاشی مشکلات کو مزید بڑھا دیا ہے۔ عوام کو ان مشکل مالی حالات سے نکالنے کیلئے حکومتی سطح پر ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے، عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے خصوصی پیکجز دیئے جائیں، اشیاء خورد ونوش سمیت دیگر چیزوں کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں خاص کر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی لائی جائے اور متبادل توانائی کے ذرائع تلاش کرکے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے پالیسیاں مرتب کی جائیں تاکہ موجودہ معاشی مشکلات سے عوام کو چھٹکارا مل سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 17 AUG 2026 Page No. 21

# Olive farming

The effects of climate change and water scarcity have severely damaged the lush green orchards of Balochistan, particularly apple, cherry, peach and grape orchards, over the past two decades. The destruction has caused irreparable losses to farmers and communities, many of whom are still struggling to recover. The situation demands a major transformation of the province's agricultural system towards crops that require less water.

Agricultural experts are increasingly advocating the plantation of olive trees as a sustainable alternative. Although the transition is taking place, its pace remains slow. Promoting olive cultivation could help address water scarcity and encourage low-water farming at a time when Balochistan is rapidly moving towards becoming a water-stressed region. Agriculture remains vital to Balochistan's economy and livelihood, with more than 70 percent of the population associated with farming and related activities. The government must therefore take practical measures to protect and modernise the sector. While agricultural practices have changed considerably around the world, much of Balochistan still relies on centuries-old methods that are labour-intensive, less productive and heavily dependent on water.

The province has experienced prolonged droughts in the past, during which many fruit orchards perished because of declining water availability and falling groundwater levels. Despite these realities, farmers continued investing in water-intensive crops such as apples, cherries and peaches, leaving them highly vulnerable to drought and water shortages.

Balochistan, however, possesses vast areas suitable for olive cultivation. The promotion of olive farming could provide farmers with a sustainable alternative and create new opportunities for economic prosperity, particularly for rural communities. The government should provide farmers with training, technical assistance and financial support until their orchards become productive. An equally important step is the establishment of olive oil extraction plants across suitable districts. Such facilities would provide farmers with accessible markets for their produce, encourage further cultivation and create employment opportunities.

Olive trees require comparatively less water and are well suited to harsh climatic conditions. Their cultivation could therefore benefit both agriculture and the environment. However, sustainable farming cannot be achieved without adopting modern, science-based agricultural techniques and efficient water-management practices. The government should also encourage the cultivation of barren and underutilised land and promote agriculture and livestock together to generate revenue, reduce poverty and create employment. Farmers, meanwhile, must gradually move away from traditional water-intensive practices and embrace modern methods. Balochistan's agricultural future depends on adapting to climate realities. Promoting olives and other low-water crops can help protect livelihoods, conserve scarce water resources and build a more resilient agricultural economy for future generations.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Page No. 27

17 AUG 2026

# کور کمانڈر بلوچستان کا دورہ ژوب اور جشن آزادی کی خوشیاں



افکار زاہد
نسیم الحق زاہدی
naseemulhaq.zahidi@gmail.com

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA 17 AUG 2026

Bullet No. 6 Page No. 23

# بلوچستان کے نوجوان قیمتی اثاثہ!

صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کا خاتمہ، نوجوانوں کو بہتر مواقع کی فراہمی اور صوبے میں پائیدار ترقی کا فروغ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے۔ صوبے کے وسیع قدرتی وسائل، ساحلی پٹی، معدنی ذخائر اور باصلاحیت نوجوان پاکستان کی معاشی ترقی کا اہم ذریعہ بن سکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد میں صوبے کے عوام کا جائز حصہ دیا جائے اور ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچائے جائیں۔ بلوچستان کے نوجوان ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ تعلیم، روزگار، جدید ہنر اور کاروباری مواقع فراہم کرکے انہیں قومی ترقی کے دھارے میں موثر انداز میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ حکومت کی ترجیح ہونی چاہئیے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنے مستقبل کی تعمیر کے لیے مساوی مواقع فراہم کئے جائیں۔ بلوچستان میں امن، سیاسی استحکام اور معاشی ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ امن ہوگا تو سرمایہ کاری آئے گی اور اس مقصد کے لیے تمام سیاسی وسماجی قوتوں کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی میر ظہور بلیدی کا نوجوانوں اور بلوچستان کے وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد صوبے کے عوام کا جائز حصہ دینے اور ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کے حوالے سے دیا گیا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے۔ انہوں نے اس میں بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنے مستقبل کی تعمیر کے لیے مساوی مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے اظہار خیال کرکے بلوچستان کے نوجوانوں کے ساتھ مکمل اظہار یک جہتی کیا ہے۔ ان کا ایسا کرنا موجودہ حالات میں بالکل صحیح ہے کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بلوچستان کے نوجوان قیمتی اثاثہ ہیں لیکن بدقسمتی سے اس وقت صوبے میں جہاں دیگر بڑے مسائل درپیش ہیں ان میں سے ایک اہم مسئلہ بے روزگاری کا بھی ہے۔ صوبے کے نوجوانوں کی ایک بہت بڑی تعداد اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود روزگار کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ یہاں ایک یہ المیہ بھی ہے کہ پرائیویٹ سیکٹر میں صنعتیں اور کارخانے نہ ہونے کے باعث ملازمتوں کا سارا انحصار سرکاری نوکریوں پر ہے جو نوجوانوں کو نہیں مل پا رہیں۔

یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی حکومت کے نوجوانوں کے مستقبل کو روشن کرنے کے حوالے سے نہ صرف سرکاری خالی آسامیوں پر تعیناتیاں کی جائیں بلکہ پرائیویٹ سیکٹر کو صوبے میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے راغب کرتے ہوئے انہیں مکمل سیکیورٹی اور دیگر مراعات فراہم کی جائیں تاکہ وہ سرمایہ کاری کریں جو کہ نہ صرف ان کے بلکہ یہاں کے نوجوانوں دونوں کے بہترین مفاد میں ہے۔

CamScanner